# 28-01-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETINE 17.50 HRS

سرخیاں

......چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج کہا کہ حکومت ریاست کوایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لئے پرعزم ہے۔

......بی ار ایس کے کارگذرصدر کے ٹی راماراو نے ریتّو بھروسہ۔فنڈس کی تقسیم میں تاخیر پر کانگریس حکومت پرتنقید کی۔

......آج سے اترا کھنڈ میں نیشنل گیمز 2025 کا آغاز ہورہا ہے۔۔ وزیر اعظم نریندر مودی آج شام دہرادون میں کھیلوں کے اس عظیم الشان ایونٹ کا افتتاح کریں گے۔

......کل نئی دہلی میں بیٹنگ ریٹریٹ کی تقریب وجے چوک میں منعقد کی جائیں گی۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج کہا کہ حکومت ریاست کوایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لئے پرعزم ہے۔حیدرآباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ ڈاوس کے ان کے دورہ کے دوران ایک لاکھ 80 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کرنا ریاست میں حکومت کے گذشتہ 14 مہینوں میں حکومت کی اہم کامیابیوں میں سے ایک ہوگی اور سرمایہ کاری سے ریاست کی معیشت مضبوط ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو ہنر فراہم کرنے کے مقصد سے حکومت کا سنگاپور کے ایک انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ معاہدہ ہوا ہے۔اپوزیشن جماعتوں کے الزامات اورتنقیدوں کومسترد کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں بےجا تنقیدیں کررہی ہیں۔

KTR NLG

بی ار ایس کے کارگذرصدر کے ٹی راماراو نے ریتّو بھروسہ۔فنڈس کی تقسیم میں تاخیر پر کانگریس حکومت پرتنقید کی۔کے ٹی آر نے کسانوں کی فلاح وبہبود کی اسکیموں کوسیاسی اوزار کے طور پر استعمال کرنے کا الزام لگایا۔اورخدشہ ظاہر کیا کہ بلدیاتی انتخابات کے بعد ریتّو بھروسہ اسکیم کوحکومت ختم کرسکتی ہے۔آج نلگنڈہ ضلع کے کلاک ٹاور سنٹر میں منعقدہ ریتّو مہا دھرنا میں کسانوں کے ایک بڑے مجموعہ کوخطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کے دوران کسانوں کوریتّو بندھو کا وعدہ کیا تھا۔۔اوراب ڈرامہ کررہے ہیں۔ بلدیاتی انتخابات کے بعد حکومت اسے ختم کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریتّو بندھو اسکیم کے سی آر کی پہچان بن چکی تھی۔کے ٹی آر نے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی پر بھی تنقید کی اورنلگنڈہ کی ترقی سے متعلق مباحث کا انہیں چیالنج دیا۔

EXPERIUM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت درخت لگانے کی ایک نئی پہل۔ماں کے نام ایک پیڑ۔شروع کررہی ہے۔جس کے ایک حصے کے طور پر ہر طالب علم کواپنے اسکولوں میں اپنی ماں کے نام کا ایک پودا لگانا ہوگا اوراس کی بقا کو یقینی بنانا ہوگا۔اس اقدام سے دنیا بھر میں لاکھوں درخت اگانے میں مدد ملے گی۔ریاست کے وزیراعلیٰ نے آج چلکور مندر کے قریب ایک پارک کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وقارآباد ضلع کوایک ماحولیاتی سیاحت کی منزل کے طور پر تیار کیا جائے گا۔انہوں نے اس علاقے میں پارک کو ترقی

دینے اورا یکو۔ٹورازم کی ترقی کے لیےراہ ہموار کرنے کے لیےآر۔رام دیوراؤ کی تعریف کی جنہوں نے وسیع وعریض ایکو۔ٹورازم پارک قائم کیا جونہ صرف آمدنی پیدا کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔بلکہ ریاست کے لیےبھی ایک نئی پہچان حاصل کریگا۔

GADKARI ABHAY

روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے مرکزی وزیرنتن گڈکری نے آج کہا کہ 2024 میں تقریباً5 لاکھ سڑک حادثات پیش آئے اوران حادثات میں 1.80 لاکھ اموات ہوئیں۔نئی دہلی میں سینٹر فاررورل ڈیولپمنٹ اینڈ ٹکنالوجی کے پروجیکٹ ابھے کے اختتامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے گڈکری نے کہا کہ 66 فیصد اموات 18 سے 34 سال کے عمر کے افراد کی ہوئی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سڑک حادثات کے نتیجے میں ملک کی جی ڈی پی کا سالانہ 3 فیصد نقصان ہوتا ہے۔انہوں نے پراجیکٹ ابھے کے پائلٹ مرحلے کی کامیاب تکمیل کی ستائش کی۔ پروجیکٹ ابھےایک پہل ہے جس کا مقصد پورے ملک میں ٹرک ڈرائیوروں کی زندگیوں کو بہتر اورمحفوظ بنانا ہے۔

NAGOBA

میسرام قبیلے کے افراد نے رسمی طور پر تقاریب کا آغاز کیا۔اندرویلی منڈل کے کیسلاپور گاؤں میں آج ناگوبا۔جتارا،میسراموں کا پانچ روزہ سالانہ اہم اور مذہبی معاملہ ناگوبا جتارا، قبائلیوں کا دوسرا سب سے بڑا اجتماع ہے۔میسراموں نے گنگا جل کے مقدس برتن کو برگد کے درخت سے ناگوبا مندر کے احاطے میں مراڈی نامی جگہ پر منتقل کیا۔انہوں نے ناگوبا دیوتا کی مورتی گاؤں سے لاکر مندر میں رکھی اورآج رات وہ انجام دیں گے۔

HYDRAA

ہائیڈرا کی جانب سے امین پورجھیل کے قریب تجاوزات کومسمار کرنے کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ پلاٹ مالکان کی شکایت کے بعدامین پور جھیل کے اطراف واکناف ہائیڈرا نے یہ کاروائی انجام دی۔ پلاٹ مالکان کے مطابق سابق رکن اسمبلی رام بھوپال ریڈی نے امین پور پداچیروو کےقریب موجودہ پلاٹوں پرتجاوزات کرتے ہوئے لئے آوٹ تیار کیا اور پلاٹس فروخت کردیئے۔جبکہ پلاٹ مالکان دوہزار چھ سے تجاوزات کے خلاف قانونی لڑائی لڑرہے ہیں۔تاہم انہیں حکام کی طرف سے کوئی راحت اورتعاون حاصل نہیں ہوا۔واضح رہے کہ ہائیڈرانے بھی تین ماہ قبل انہدامی کاروائی شروع کی تھی۔تاہم رام بھوپال ریڈی نے زمین کے اردگرد باڑھ لگوادی تھی۔جس کے بعد ہائیڈرا کی جانب سےآج دوبارہ کاروائی شروع کی گئی ہے۔

NATIONAL GAMES

آج سے اتراکھنڈ میں نیشنل گیمز 2025 کا آغاز ہورہا ہے۔۔وزیراعظم نریندرمودی آج شام دہرادون میں کھیلوں کے اس عظیم الشان ایونٹ کا افتتاح کریں گے۔افتتاحی تقریب میں اتراکھنڈ کی لوک ثقافت اورجدیدٹیکنالوجی کا منفرد امتزاج دکھایا جائے گا۔مرکزی وزراء، انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کے ارکان سمیت کئی معززین۔اورقومی کھلاڑی ایونٹ میں شرکت کے لئے پہونچ رہے ہیں۔ وزیراعظم کے دورہ کے پیش نظر دہرادون میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔اس سال 28 ریاستوں اور 8 مرکز کے زیرانتظام علاقوں

سے تقریباً 10,000 کھلاڑی نیشنل گیمز میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ کھیل اتراکھنڈ کے 8 اضلاع کے 11 شہروں میں منعقد ہو رہے ہیں، جن میں 35 مختلف کھیلوں کے 47 ایونٹس ہوں گے۔

FIRE

اتوار کی رات حسین ساگر میں بھارت ماتا مہاارتھی کے دوران کشتیوں میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا تھا۔ اتوار کی رات پیش آئے اس آتشزدگی کے واقعہ میں ایک شخص کی موت ہوگئی جبکہ ایک اور شخص ابھی تک لاپتہ ہے۔ مغربی گوداوری سے تعلق رکھنے والے کریکرا پریٹر گنپتی اس حادثے میں اسی فیصد جھلس گئے ہیں جب یہ واقعہ حادثاتی طور پر پیش آیا تھا۔ ذخیرہ شدہ پٹاخوں کو آگ لگاتے ہوئے دو کشتیوں میں آتشبازی کی گئی۔ وہ آج سکندرآباد کے یشودھا ہاسپٹل میں زخموں کا تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے۔ دو دیگر کشتی چلانے والوں کو معمول زخم آئے۔ جنہیں آج ڈسچارج کر دیا گیا۔۔ اس واقعہ میں ایک نوجوان جو پانی میں کود گیا تھا ابھی تک لاپتہ ہے۔ حسین ساگر کی ریسکو ٹیمیں اس کی تلاش میں ہیں۔ جبکہ اس نوجوان کے والدین ابھی تک اس کے تعلق سے فکر مند ہیں۔

BEATING RETREAT

کل نئی دہلی میں بیٹنگ ریٹریٹ کی تقریب وجے چوک میں منعقد کی جائیں گی۔ وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا اس سال 30 مظاہر کرنے والے آرمی، نیوی، ایئر فورس اور سنٹرل آرمڈ پولیس فورسز کے بینڈس کے ساتھ فٹ ٹیپنگ میوزک سے مسحور کریں گی۔ تقریب میں صدر دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھر، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور دیگر مرکزی وزراء شرکت کریں گے۔

KILLED

حیدرآباد کے زوپارک — آرام گھر فلائی اوور پر ایک بھیانک سڑک حادثہ پیش آیا یہ حادثہ پیر کی رات ایک بجے پیش آیا، جس میں تین نابالغ جاں بحق ہو گئے۔ ان تینوں دوستوں کی عمر 16 سال سے کم بتائی گئی۔ جہاں ایک تیز رفتار بائیک بے قابو ہو کر برقی پول سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں بہادر پورہ کے معین پورہ میں رہنے والے تین نوجوانوں میں دو محمد احمد اور معاذ قادری کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ جبکہ تیسرا نوجوان سید عمران ہاسپٹل منتقل کرنے کے دوران فوت ہوگیا۔ ان کی نعشوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے عثمانیہ ہاسپٹل منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے ابتدائی تحقیقات میں تیز رفتاری اور ایک ہی بائیک پر تین نوجوانوں کے سوار ہونے کو حادثے کی بنیادی وجہ قرار دیا ہے۔

DIARY

چیف سکریٹری شانتی کمار نے آج اپنے چیمبر میں تلنگانہ پولیوشن کنٹرول بورڈ (ٹی جے پی سی بی) کی جانب سے شائع کی گئی سال دو ہزار پچیس کی ڈائیری کا افتتاح انجام دیا۔ ٹی جے پی سی بی۔ سے شائع کردہ ڈائری دو ہزار پچیس میں پالیسی اپ ڈیٹس۔ بورڈ کی تقاریب۔ اور دیگر اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں جو کہ کافی فائدہ مند ہیں۔ اس کے علاوہ تنظیم کی جانب سے حاصل کی گئی کامیابیوں کو بھی اس میں اجاگر کیا گیا ہے۔